Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۷	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۲۷ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	قواعد رامپور ہوٹل جدید	۱ و ۲
۲	رخصت اسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر صاحبہ	۲
۳	دربارہ اخراج صحیح اراضی و نام کاشتکاران مفرور	۳
۴	نقشہ بارش و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۲۹ اگست سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر میونسپل افسر صاحب - قواعد مرتبہ حال منیجر رامپور ہوٹل منسلکہ کی منظوری دیجاتی ہے - بواپسی خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے اطلاع دیجائے اور ایک نقل قواعد مذکورہ بغرض اطلاع سررشتہ آڈٹ بخدمت شریف جناب فائننشل سکریٹری صاحب بہادر مرسل ہو - اور ایک نقل فائل یک اجلاس ہذا میں چسپان کیجائے - نیز درج گزٹ ہو -

قواعد رامپور ہوٹل جدید

ہر ایک مہمان سے مبلغ دس روپیہ چارج کئے جائینگے۔ کھانا۔ کرایہ کمرہ۔ و روشنی کیلئے چوبیس ۲۴ گھنٹے کے لئے۔ جسکا حساب حسب ذیل ہے۔

کرایہ کمرہ ۲۴ گھنٹہ	۱۲/	برقی روشنی	۸/	چھوٹی حاضری	۸/
بڑی حاضری	۱۲/	لنچ	۱۲/	چاء شام	۸/
ڈنر	۱۲/	صرف ایک پلنگ دیا جائیگا			

متفرق نرخ

اسکاچ وہسکی	فی پیک	عہ	اکیسٹا ۱/ برانڈی	فی پیک	عہ
کافی	فی پیالہ	۴/	چاء	فی پیالہ	۴/
برف	فی گلاس	۱/	سوڈا	فی بوتل	۲/
لیمونیڈ	فی بوتل	۳/	لائم جوس	〃	۴/
بادکش	۔	عہ	اسٹون فائر	۔	۸/
گرم پانی	فی ٹب	۴/			

نوٹ

۱۔ ایک کمرہ میں صرف دو پلنگ کی اجازت ہے۔ ۲۔ اگر کوئی مہمان کھانا نہیں لینگے اور وہ تین گھنٹہ پیشتر مطلع کردینگے تب اُنسے کچھ چارج نہیں کیا جائیگا۔ ۳۔ اگر کوئی مہمان ہوٹل میں ٹھہرنا نہ چاہے لیکن وہ صرف ہوٹل سے ڈنر طلب کرے تب اُس سے مبلغ تین روپیہ چارج کئے جائینگے۔ ۴۔ اگر کوئی مہمان ڈنر پرائیوٹ طور پر ہوٹل سے حاصل کرے اس کھانے کی قیمت کا تصفیہ منیجر ہوٹل کرینگے۔ ۵۔ اگر کوئی مہمان چوبیس ۲۴ گھنٹہ یا بارہ گھنٹہ سے زائد قیام کرے اور تمام کھانے حاصل کرے تب اس سے مبلغ دس روپیہ چارج کئے جائینگے۔ ۶۔ اگر کوئی مہمان کمرہ میں مقیم ہو اور کوئی کھانا نہ کھائیں تو اُنسے مبلغ ۱۲/ چارج کئے جائینگے۔ ۷۔ ہر ایک مہمان سے چوبیس ۲۴ گھنٹہ کا سکنڈ کلاس کا مبلغ عہ چارج کیا جائیگا۔ ۸۔ اگر کوئی مہمان دس بجے شب کے بعد کھانا طلب کرے تب اُنکو مبلغ ایک روپیہ نوکر کا دینا پڑیگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب اسٹیٹ سرجن مزید رخصت ۵ یوم اسٹیٹ لیڈی ڈاکٹر صاحبہ منظور ہوئی

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۱ اگست سنہ ۱۹۲۳ء

مسلہ نقل رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ اخراج صحیح آراضی و نام کاشتکاران مفرورہ پیش ہوکر کاشتکاران کی ترک سکونت آراضیات کے اخراج نام کا مسئلہ معمول عام ہے کہ بذریعہ واگذاشت یا بذریعہ فراری ہر صورت میں آراضی پر کاشت کا عمل درآمد از روی موقع صحیح ہونا چاہئے۔ صاحب مہتمم بندوبست نے رپورٹ ۹ اگست سنہ ۱۹۲۳ء میں لکھا ہے کہ وقت حکم واگذاشت تحصیلدار شمولہ پٹواری کو ڈائری باب پر ہدایت لکھدیا کریں کہ اُسکے نام کو آراضی سے خارج کردیا جائے اور مفرور کاشتکاران کی بابت پٹواری رپورٹ کرکے اخراج نام کا حکم حاصل کیا کرے۔ روبکار واگذاشت پر بھی نوٹ لکھدیا جایا کرے اور روبکار جب محافظخانہ صدر میں داخل ہو تب محافظخانہ میں اس امر کو جانچ لیا جائے کہ نوٹ مثل پر ہوا ہے یا نہیں جب تک نوٹ درج نہ ہو مثل غیر مکمل ناقابل داخل تصور کیجائے۔ حکم ہوا کہ نقل رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست نقول احکام ہذا بتحصیلات و بندوبست و حاکم صاحب صدر وغیرہ میں مضمون کی تکمیل تعمیل ہوتی رہے ایک نقل بمراد فائل باب اجلاس میں آنا چاہئے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(تحریر صاحب مہتمم بندوبست)

باجلاس جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر التماس کیا جاتا ہے کہ میری رائے میں اگر مناسب خیال ہو تو عام احکام بدین مضمون جاری فرمائے جائیں کہ جب کبھی کاشتکار بذریعہ درخواست واگذاشت بسبب فراری کا ارادہ کرے تو بہنگام حکم واگذاشت بسبب تحصیل کو اخراج آراضی کاشت درخواست گذار کے متعلق پٹواری کو ہدایت ڈائری میں اپنے دستخطوں سے دیدینا چاہئے اور اگر کوئی کاشتکار پوشیدہ طور پر بلا دعوی واگذاشت بسبب مفرور ہو جاتا ہے تو پٹواری کو تحصیل میں درخواست دیکر حکم اخراج آراضیات حاصل کرنا چاہئے کیونکہ ایسی آراضیات مفروران زائد سولہ سالی و کم از سولہ سال ہونگی۔ اندراج کاغذات اسی طرز عمل سے حصول کے اندر ہو جائیگا۔ اور جب آراضیات مفروران کا انتظام مستاجران کرینگے تو وہ ذریعہ قبولیت کے ویگر مزارعان مندرج کاغذات پٹواریان ہو جائینگے۔ مگر یہ کہ جو آراضیات انتظام سے مفروران کے باقی رہجائیں اُنکی اطلاعی رپورٹ پٹواری کو تعداد آراضی کے ساتھ تحصیل میں دینا چاہئے جو بذریعہ صیغہ متعلقہ میں ارسال ہوگی۔ ۹ اگست سنہ ۱۹۲۳ء

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداے ۲ ستمبر لغایت ۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

تاریخ دن	صدر عالیہ تعداد بارش	صدر عالیہ میزان بارش	تحصیل بلاسپور تعداد بارش	تحصیل بلاسپور میزان بارش	تحصیل سوار تعداد بارش	تحصیل سوار میزان بارش	تحصیل شاہ آباد تعداد بارش	تحصیل شاہ آباد میزان بارش	تحصیل ملک تعداد بارش	تحصیل ملک میزان بارش	تحصیل ٹانڈہ تعداد بارش	تحصیل ٹانڈہ میزان بارش
۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۱۴	۲۲۰	۰	۳۹۱		۱۸۳	۲	۱۹۸	۹	۱۹۸	۰	۱۷۳
۳ ستمبر 〃 یوم دوشنبہ	۰	۲۲۰	۰	۳۹۱	۱½	۱۸۴½	۰	۱۹۰	۰	۱۹۸	۰	۱۷۳
۴ ستمبر 〃 یوم سہ شنبہ	۰	۲۲۰	۰	۳۹۱	۰	۱۸۴½	۰	۱۹۸	۰	۱۹۸	۲	۱۷۵
۵ ستمبر 〃 یوم چہارشنبہ	۰	۲۲۰	۰	۳۹۱	۰	۱۸۴½	۰	۱۹۸	۰	۱۹۸	۰	۱۷۵
۶ ستمبر 〃 یوم پنجشنبہ	۰	۲۲۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۸۴½	۰	۱۹۸	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۷۵
۷ ستمبر 〃 یوم جمعہ	۰	۲۲۰	〃	۰	۰	۱۸۴½	نقشہ نہیں آیا	۰	〃		نقشہ نہیں آیا	۰
۸ ستمبر 〃 یوم شنبہ	۰	۲۲۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	〃	۰	〃	۰	〃	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداے ۲ لغایت ۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۰ ار	۷ ۰ ار		۸ ار		۸ ار	ملک و سوار سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۳ ار	۱۳ ار		۱۶ ار		۱۵ ار	
نخود کسٹ تیز	۱۸ ار	۱۵ ار		۱۷ ار		۱۷ ار	
[illegible]	۱۷ ار	۱۶ ار		۱۷ ار		۱۸ ار	
[illegible]	۸ ار	۰		۰		۷ ار	
مونگ	۷ ار	۰		۰		۷ ار	
مکا	۰	۰		۰		۰	
جئی	۱۷ ار	۰		۲۰ ار		۱۲ ار	
گوجئی	۰	۰		۰		۱۲ ار	
مسور	۱۲ ار	۰		۰		۱۲ ار	
ارہر	۰	۰		۰		ار	
برنج	۴ ار	۴ ار		۴ ار		ار	
روغن زرد	۔ ۱ ار	۔ ۱ ۰ ار		۵ چھٹانک		ار	
روغن سیاہ	۱۱ ار	۱½ ار		۱۰ ار			
روغن کنجد	۱½ ار	۱ ار		۲ ار			
نمک سانبھر	۶ ار	۶ ار		۶ ار		۸ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۶ ار		۵ ار		۸ ار	
قند سیاہ	۳ ار	۴ ار		۳ ار		۴ ار	
جسرہ		۰		۰		۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور